**13.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

**Music**

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے احمد آباد میں ایئر انڈیا کے حادثے میں زندہ بچ جانے والے واحد شخص اور زخمیوں سے بات چیت کی۔ انہوں نے حادثے کی جگہ کا دورہ کیا اور اعلیٰ حکام کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ بھی کی۔

2- شناخت کردہ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے بعد اُن کے رشتہ داروں کو دیا جارہا ہے۔

3- اسرائیل نے ایران کے چوٹی کے فوجی افسروں اور اُس کی ایٹمی سہولیات پر حملہ کیا ہے جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ بھارت نے فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ کشیدگی کو بڑھاوا نہ دیں۔

4- بھارت کے سفارتخانوں نے دونوں ملکوں میں بھارتی باشندوں سے کہا کہ وہ چاق و چوبند رہیں۔ تنازعے کے بڑھنے کی وجہ سے ایئر انڈیا کی 16 بین الاقوامی پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے شمال مغربی بھارت کیلئے گرمی کی وجہ سے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے کیونکہ کئی جگہوں پر درجۂ حرارت 45 ڈگری کو پار کرگیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے تین دن تک کرناٹک، کیرالہ، تمل ناڈو اور مہاراشٹر میں تیز سے بہت تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-Gujarat Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح گجرات میں احمد آباد کے سِول اسپتال گئے اور ایئر انڈیا کے ہوائی جہاز حادثے میں، زخمی ہونے والوں سے ملاقات کی۔ حادثے میں 241 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔

بعد میں ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ احمد آباد میں طیارے کے سانحے سے سبھی کو صدمہ پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اچانک اس طرح اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کی جان ضائع ہونے کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

وزیر اعظم نے حادثے میں بچ جانے والے واحد شخص Vishwash Kumar Ramesh سے بھی ملاقات کی جو بھارت نژاد برطانوی باشندے ہیں اور اُن کا اِس وقت ایک مقامی اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔

بعد میں جناب رمیش نے اِس حادثے کے بارے میں پرسار بھارتی کے نمائندے کو بتایا:

**SB- Vishwash Kumar Ramesh**

جناب مودی نے اُس مقام کا بھی دورہ کیا، جہاں یہ حادثہ پیش آیا اور کہا کہ یہ نہایت دردناک منظر تھا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اُن کی دلی ہمدردی اُن افراد کے ساتھ ہے جو اپنے قریبی عزیز و اقارب سے اِس المناک حادثے کی وجہ سے محروم ہوگئے ہیں۔ بعد میں جناب مودی نے احمد آباد میں ایک جائزہ میٹنگ بھی کی۔

جناب مودی نے گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کی جن کا اِس حادثے میں انتقال ہوگیا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اُن لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے بعد لواحقین کو دیا جارہا ہے جن کی شناخت ہوچکی ہے۔ اب تک 6 لاشیں متعلقہ رشتہ داروں کو سونپی جاچکی ہیں۔

Boeing 787-8 کل حادثے کا شکار ہوگیا تھا جس میں عملے کے 12 افراد سمیت 241 افراد کی جانیں ضائع ہوگئی تھیں۔ یہ ہوائی جہاز احمد آباد سے لندن Gatwick جارہا تھا۔ ہوائی اڈے سے روانہ ہونے کے بعد یہ طیارہ B J میڈیکل کالج کے پاس ایک رہائشی کمپلیکس پر گر پڑا تھا۔

**Air India  Another Survivor**

بال بال بچنے کی ایک مثال کل کے ہوائی جہاز حادثے سے ملی، جس میں بھومی چوہان خوش قسمت ثابت ہوئیں۔ ایک رپورٹ

**V/C Swati Rakheja**

بھومی چوہان، جو گجرات کے شہر بھروچ کی رہنے والی ہیں، کل، ہوائی جہاز کے حادثے میں بال بال بچ گئیں۔ وہ ایئر انڈیا کی اِس پرواز میں جو حادثے کا شکار ہوئی سوار نہیں ہوسکی تھیں۔ وہ احمدآباد میں زیادہ ٹریفک کے سبب ہوائی اڈے پر دس منٹ دیر سے پہنچیں جس کی وجہ سے اُنہیں ہوائی جہاز میں سوار ہونے کی اجازت نہیں دی گئی۔

**S/B - Bhoomi Chauhan**

البتہ اِس طیارے میں سوار دیگر مسافر حادثے کا شکار ہوگئے۔ کچھ لوگوں کیلئے یہ سفر پُرلطف ہونا تھا لیکن وہ اِس سے محظوظ نہ ہوسکے۔ ایک ڈاکٹر جوڑا بھی، جسے برطانیہ میں اپنے کریئر کے خواب پورنے کرنے تھے، اُس کے یہ خواب چکنا چور ہوگئے۔ ایک 35 سالہ خاتون اپنی بیٹی کو وڈودرا میں اپنے والدین کے پاس چھوڑ کر

واپس برطانیہ جارہی تھیں، وہ اپنے گھر واپس نہ جاسکیں۔ اُنہیں کیا خبر تھی کہ یہ ہوائی جہاز اُنہیں اُن کی منزل تک نہیں لے جاسکے گا۔

سواتی رکھیجا کی رپورٹ کی ساتھ اردو خبروں کیلیئے۔۔۔۔

**Civil Hospital Superintendent Dr Rakesh Joshi**

اِسی دوران سول اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راکیش جوشی نے بتایا کہ اسپتال میں فی الحال 32 افراد کا علاج چل رہا ہے۔ کچھ ڈاکٹرس جو شدید طور پر جل گئے ہیں اُنہیں چھوڑ کر باقی سبھی لوگوں کی حالت مستحکم ہے۔ انہوں نے کہا کہ زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے اسپتال میں سبھی ضروری انتظامات کئے جارہے ہیں۔

**S/B- Civil Supentendent Rakesh Joshi**

**Break**

**Rev.Israel - Iran**

اسرائیل کی فضائی فوج نے کل رات ایران پر اب تک کے سب سے شدید فضائی حملے میں اِن حملوں میں ایران کے ایٹمی پروگرام اور اعلیٰ فوجی لیڈروں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ اس طرح کے حملے کئی دن تک کئے جاتے رہیں گے۔

اِن حملوں سے مغربی ایشیاء میں پھر سے غیر یقینی کی کیفیت پیدا ہو گئی ہے اور ایک علاقائی جنگ کا خطرہ بڑھ گیا ہے، کیونکہ اب اسرائیل ایران کے ممکنہ جوابی حملوں کے لیے تیاری کر رہا ہے۔

ایران کے اسلامی پاسدارانِ انقلاب کے کمانڈر اِنچیف، جنرل حسین سلامی بھی اُن لوگوں میں شامل ہیں، جو اِن حملوں میں مارے گئے ہیں۔ جنرل سلامی ایران کی سب سے بااثر اور طاقتور شخصیات میں سے ایک تھے۔

ایران کے پاسدارانِ انقلاب بیلسٹک میزائل کی تیاری کے کام کی نگرانی کرتے ہیں اور ملک میں مخالفت اور مزاحمت کو دبانے کا کام کرتے ہیں۔

ایران کی مسلح افواج کے سربراہ محمد Bagheri اور ایٹمی توانائی سے متعلق تنظیم کے سابق سربراہ Fereydoon Abbasi بھی اِن حملوں میں مارے گئے ہیں۔

اُدھر اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ آپریشن Rising Loin کے تحت Natanz میں واقع یورینیم کو افزودہ بنانے کے ایران کے بڑے مرکز، ایٹمی سائنسدانوں اور بقول اُن کے ایران کے بیلسٹک میزائل پروگرام کے خاص مرکز کو نشانہ بنایا گیا۔

اُدھر امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio نے کہا ہے کہ اسرائیل نے ایران کے خلاف یکطرفہ طور پر کارروائی کی ہے اور امریکہ اِن حملوں میں شامل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطّے میں امریکی فورسز کا تحفظ اُن کی اوّلین ترجیح ہے۔

## India West Asia Tensions

بھارت نے ایران اور اسرائیل کے درمیان تازہ واقعات پر تشویش ظاہر کی ہے اور دونوں ملکوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کسی بھی اشتعال انگیز قدم سے گریز کریں۔ بھارت نے ایران اور اسرائیل سے کہا ہے کہ وہ صورتحال کی کشیدگی کو ختم کرنے اور اہم معاملات کو حل کرنے کیلئے، مذاکرات اور سفارت کے دستیاب ذرائع کا استعمال کریں۔

وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت، نیوکلیائی مقامات پر حملہ کئے جانے سے متعلق خبروں سمیت، تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال پر قریبی نظر رکھ رہا ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ بھارت کے، دونوں ملکوں کے ساتھ قریبی اور دوستانہ تعلقات ہیں اور وہ ہر ممکن مدد کیلئے تیار ہے۔

دونوں ملکوں کے مشن، بھارتی برادری کے رابطے میں ہیں اور خطے میں سبھی بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ احتیاط برتیں، محفوظ رہیں اور سلامتی سے متعلق مقامی ہدایات پر عمل کریں۔

## Indian Embassies Israel-Iran

اسرائیل اور ایران میں بھارت کے سفارتخانوں نے ہندوستانی باشندوں کیلئے ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ چاق و چوبند رہیں اور حفاظتی ضابطوں پر عمل کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارت کے سفارتخانے نے دونوں ملکوں میں ہندوستانی باشندوں پر زور دیا ہے کہ وہ انتہائی احتیاط سے کام لیں، ملک کے اندر غیر ضروری سفر نہ کریں اور پناہ گاہوں کے قریب رہیں۔ سفارتخانے نے ہندوستانی باشندوں سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ مزید ہدایت کے لئے سفارتخانے کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر نظر رکھیں۔

## Air India Diverted Flights

کل رات ایران پر اسرائیل کی طرف سے کئے گئے حملوں کے بعد، فضائی راستوں کی بدلتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں ایئر انڈیا نے اپنی 16 بین الاقوامی پروازوں کا رُخ موڑ دیا اور اُنھیں واپس اُنہی جگہوں پر بھیج دیا جہاں سے یہ پروازیں روانہ ہوئی تھیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایئر انڈیا نے بتایا کہ مسافروں کیلئے قیام کی جگہوں سمیت متبادل انتظامات کئے جارہے ہیں تا کہ وہ اپنی منزلوں کو پہنچ جائیں۔ وہ اِن پروازوں کے مسافروں کی رقوم، ٹکٹ منسوخی پر واپس بھی کررہی ہے اور اِن لوگوں کی پروازوں کیلئے دوبارہ تاریخیں بھی مقرر کررہی ہے۔ متاثرہ پروازوں میں وہ پروازیں بھی شامل ہیں جن کی آمدورفت لندن اور نیویارک سے ہے اور جنہیں ممبئی اور دلی آنا تھا۔

مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ایئر انڈیا کی ویب سائٹ پر اپنی پروازوں کی تازہ صورتحال معلوم کرلیں۔

## Delhi Airport Iran Advisory

دلی ہوائی اڈے پر کام کاج ٹھیک ڈھنگ سے جاری ہے۔ البتہ ایران ، عراق اور پڑوسی خطے پر فضائی راستوں کی بدلتی

ہوئی صورتحال کی وجہ سے کچھ پروازوں پر اثر پڑا ہے۔

ایک ہدایت نامے میں دلی انٹرنیشنل ایئر پورٹ لمیٹڈ نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنی پروازوں سے متعلق تازہ ترین معلومات کیلئے متعلقہ ایئر لائنز سے رابطہ قائم کریں۔

**Vikram Misri China**

بھارت کے امور خارجہ کے سکریٹری وکرم مسری نے نئی دلی میں چین کے نائب وزیر خارجہ **Sun Weidong** کے ساتھ ایک میٹنگ میں بھارت اور چین کے باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں یہ جانکاری دی ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ میٹنگ میں فریقین نے اپنے تعلقات کو مزید پائیدار اور مستحکم کرنے سے اتفاق کیا اور یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ عوامی رابطوں کو ترجیح دی جائے گی۔

خارجہ سکریٹری نے اِس سال کیلاش مانسرور یاترا دوبارہ شروع کرنے کیلئے چین کی طرف سے دیئے گئے تعاون کو سراہا۔ دونوں ملکوں نے کچھ مذاکرات کے انعقاد سے بھی اتفاق کیا، جن میں اقتصادی اور تجارتی میدان بھی شامل ہیں تاکہ تشویش کے کئی معاملات کو حل کیا جاسکے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ دونوں ملکوں نے براہ راست فضائی خدمات دوبارہ شروع کرنے کے اقدامات میں تیزی لانے سے بھی اتفاق کیا ہے۔

**Ayush Minister**

آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے، یوگ کو پوری دنیا میں تندرستی کی، یکسر تبدیلی لانے والی مشق کے طور پر فروغ دینے میں، نریندر مودی حکومت کی لگاتار کوششوں کو اُجاگر کیا ہے۔ آکاشوانی کے خبروں کے شعبے کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں انہوں نے پچھلے گیارہ سال میں حکومت کی حصولیابیوں کے بارے میں بتایا ، جن میں 2014 میں آیوش کی وزارت تشکیل دیئے جانے سے لے کر، یوگ کو ایک ادارے کی شکل دیئے جانے تک بھارت کی ایک بڑی حصولیابی بھی شامل ہے۔

یہ خصوصی انٹرویو، آکاشوانی کے ایف ایم گولڈ چینل ''سو اعشاریہ ایک'' اور آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک پر آج رات ساڑھے نو بجے سے نشر کیا جائے گا۔

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے گرمی کے سلسلے میں دلی کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے جبکہ ہریانہ، پنجاب اور راجستھان کے کئی حصوں کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمے کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر **R K** جینا منی نے آکاشوانی کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت میں کہا ہے کہ دلی کیلئے اورنج الرٹ کل تک لاگو رہے گا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اگلے تین چار دن کے دوران کونکن، گوا، کرناٹک اور کیرالہ میں انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اگلے دو تین دن میں اڈیشہ ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں بھی زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِسی دوران موسمیات کے محکمے نے اگلے تین دن کے دوران کرناٹک، کیرالہ، ماہی، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کونکن، گوا

اور مہاراشٹر میں تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

اِن ریاستوں میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ 60 سے 70 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔اگلے دو- تین دن کے دوران شمال مشرقی ریاستوں اوسط سے موسلا دھار بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

**Punjab Weather**

پورے پنجاب اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ میں سخت گرمی کے حالات کے پیش نظر محکمۂ موسمیات نے آج ریاست کے کئی علاقوں کے لئے ریڈ الرٹ جبکہ آئندہ کچھ دنوں کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

کل زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 39 سے 46 ڈگری سیلسیس رہا جبکہ آج صبح کم سے کم درجۂ حرارت 28 ڈگری سے 32 ڈگری سیلسیس تک ریکارڈ کیا گیا۔ البتہ 15 جون سے گرمی میں معمولی راحت ملنے کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆